سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان

(سپیشلائزڈ کمپنیز ڈویژن)

مضاربہ پروموٹرز گائیڈ

# مضاربہ کمپنیز اور مضاربہ (فلوٹیشن اینڈ کنٹرول) آرڈیننس ۱۹۸۰ کے تحت

# مضاربہ مینجمنٹ کمپنی کی تشکیل اور مضاربہ فلوٹیشن

# مضاربہ کمپنی کے طور پر رجسٹریشن کی شرائط

مضاربہ کمپنی کی رجسٹریشن کے لئے معیارِ اہلیت کی درج ذیل شرائط کو پورا کرنا لازم ہے :

(الف)ایک کمپنی کمپنیز آرڈیننس ۱۹۸۴ کے تحت رجسٹرڈ ہونی چاہیے یا کسی بھی فی الوقت نافذ العمل قانون کے تحت ایک باڈی کارپوریٹ کے طور پر تشکیل دی جائے اوراس کمپنی کی ملکیت براہ راست یا کسی کمپنی یا کسی کارپوریشن کے ذریعے وفاقی حکومت یا صوبائی حکومت کے پاس ہو اور وہی اسے کنٹرول کرے۔

(ب) اگر ایک کمپنی صرف اور صرف مضاربہ کو جاری کرنے اور اس کے انتظام کے کاروبار سے منسلک ہو گی تو اس کا اداشدہ سرمایہ ۲۵ لاکھ روپے سے کم نہیں ہونا چاہیے لیکن اگر یہ ساتھ ساتھ کسی دوسرے کاروبار سے منسلک ہے تو اس کا اداشدہ سرمایہ کم از کم ۷۵ لاکھ روپے ہونا چاہیے۔

(ج) اس کا کوئی بھی ڈائریکٹر، افسر یا ملازم دھوکا دہی یا بد دیانتی یا اخلاقی گراوٹ کے جرائم کا سزا یافتہ نہ ہو۔

(د) اوپر حوالہ دئے گئے اشخاص میں سے کوئی بھی دیوالیہ قرار نہ دیا گیا ہو یا اپنے قرض دہندگان کے ساتھ ادائیگی یا باہمی رضامندی سے معاملہ طے کرنے کی وجہ سے برطرف نہ کیا گیا ہو۔

(ہ)رجسٹرار کی رائے میں پروموٹرز کمپنی کو شروع کرنے والے دیانت دار اور متمول اشخاص ہوں اور ان امور کے بارے میں علم رکھتے ہوں، جن سے کمپنی نے مضاربہ کمپنی کے طور پر معاملہ کرنا ہو گا۔

## رجسٹریشن کے لئے درخواست

ایک کمپنی جو مضاربہ کمپنی کے طور پر رجسٹریشن کی اہل ہے تمام ڈائریکٹرز کی جانب سے باضابطہ دستخط شدہ اور اوتھ کمشنر کی جانب سے تصدیق شدہ درخواست حسب ذیل کے ہمراہ رجسٹرار کو دے سکتی ہے:

(اول) کمپنی کی یاداشت اور قواعد و ضوابط کی پانچ نقول؛(ایک نقل جو متعلقہ کمپنی رجسٹریشن دفتر کے رجسٹرار کی جانب سے تصدیق شدہ ہو)۔

(دوم) کمپنی کی تشکیل کے سرٹیفکیٹ کی پانچ نقول (ایک نقل جو متعلقہ کمپنی رجسٹریشن دفتر کے رجسٹرار کی جانب سے تصدیق شدہ ہو)۔

(سوم) دو لاکھ پچیس ہزار روپے کا اصل جمع شدہ چالان (ناقابل واپسی) بطور فیس سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے مخصوص اکاؤنٹ میں جو ایم سی بی بینک لمیٹڈ کی مقررہ شاخوں میں قائم ہیں جمع کروایا گیا ہو۔

(چہارم) نئے آڈیٹڈ اکاؤنٹس، اگر کمپنی پہلے ہی سے کاروبار کر رہی ہے۔

(پنجم) اگر کمپنی مضاربہ کے اجرا کے علاوہ کسی دیگر کاروبار سے منسلک ہے یا مضاربہ کے اجرا اور اس کے انتظام کے علاوہ کسی مذکورہ کاروبار کرنے میں دلچسپی رکھتی ہے تو اس کاروبار کی تفصیل دی جائے۔

رجسٹریشن کے لئے کی گئی درخواست کے بعد رجسٹرار مطمئن ہونے پر مذکورہ کمپنیز کو رجسٹریشن کی اجازت ان شرائط پر دے سکتا ہے جسے وہ مناسب سمجھے گا۔

## رجسٹریشن کے بعد دوسرے اہم تقاضے

(اول) کوئی بھی مضاربہ کمپنی ایک جیسی نوعیت کے کسی بھی کاروبار سے منسلک نہیں ہو گی جو اس کا مضاربہ کر رہا ہو اور اپنے فلوٹ کئے گئے مضاربہ کے ساتھ کاروباری مقابلہ نہیں کرے گی اور نہ اس کو کنڑول کرے گی [دفعہ ۱۷(۱)]۔

(دوم) کوئی بھی مضاربہ کمپنی یا اس کا کوئی بھی ڈائریکٹر یا اس کے رشتہ دار مضاربہ کے فنڈز سے یا مضاربہ کے اثاثوں کی سکیورٹی پر ایڈوانس یا ادھار نہیں لیں گے [دفعہ ۱۷ (۲)]۔

(سوم) ایک مضاربہ کمپنی، اپنے جاری کئے گئے مضاربہ میں کم از کم دس فیصد حصص (مضاربہ سرٹیفیکیٹ) خود خریدے گی۔ مزید برآں مضاربہ کمپنی، مضاربہ کے سالانہ منافع میں سے ایک منجمد شرح کے حساب سے معاوضہ وصول کرے گی جو کہ سالانہ خالص منافع کے دس فیصد سے زائد نہ ہو گا [دفعہ ۱۷(۲)]۔

(چہارم) ہر سال جنوری کے مہینے میں سالانہ تجدیدی فیس کے طور پر چالان کے ذریعے مضاربہ کمپنی کی جانب سے ۲۵ ہزار روپے فیس کی ادائیگی کی جائے گی۔

(پنجم) سالانہ محاسب شدہ گوشوارے (annual audited accounts)، ڈائریکٹرز کی رپورٹ اور کمپنی کے محاسب کی رپورٹ رجسٹرار کو جمع کروائی جائے گی اور ساتھ ہی ساتھ حصہ داران (سرٹیفیکیٹ ہولڈرز) کو اس کی ترسیل ضروری ہو گی۔

(ششم) کمپنی کی یاداشت (میمورنڈم) اور قواعد وضوابط میں یا اکثریتی حصص یافتگان اور ڈائریکٹرز میں رجسٹرار کی پیشگی تحریری اجازت کے بغیر کوئی تبدیلی نہیں کی جائے گی۔

# مضاربہ کو چلانے کی اجازت

ایک باضابطہ رجسٹرڈ مضاربہ کمپنی مضاربہ چلانے کے لئے درخواست کر سکتی ہے (دفعہ ۸)۔

مضاربہ کو چلانے کی اجازت حاصل کرنے کے لئے رجسٹرار کو حسب ذیل دستاویزات پیش کی جائیں

ہر ایک کی پانچ نقول:

(اول) مضاربہ چلانے کے لئے اجازت حاصل کرنے کے لئے درخواست فارم نمبر ا میں دیگر ضروری معلومات جس کا تقاضا فارم کے ضمیمے میں کیا گیا ہے۔

(دوم) رجسٹریشن سرٹیفکیٹ کی باضابطہ تصدیق شدہ نقول، جن میں ایک نقل رجسٹرار مضاربہ کی جانب سے تصدیق کی گئی ہو۔

(سوم) تمام ڈائریکٹرز کی جانب سے باضابطہ دستخط شدہ پراسپکٹس اور فیزیبلٹی رپورٹ

(چہارم) مضاربہ کمپنی کی نئی آڈیٹڈ بیلنس شیٹ اور نفع و نقصان کے اکاؤنٹ اور موجودہ مضاربہ، اگر کوئی ہوں کی نئی آڈیٹڈ بیلنس شیٹ اور نفع و نقصان کے اکاؤنٹ۔

(پنجم) مضاربہ فلوٹ کرنے کی فیس کا اصل ڈیپازٹیڈ چالان (ناقابل واپسی) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے مخصوص اکاؤنٹ میں جو ایم سی بی بینک لمیٹڈ کی مقررہ شاخوں میں قائم ہیں جمع کروایا گیا ہو۔ **مذہبی بورڈ**

رجسٹرار درخواستوں کی جانچ پڑتال کرنے اور مطمئن ہونے کے بعد، مجوزہ فارم پر سرٹیفکیٹ کے اجرا کے لئے اس کو مذہبی بورڈ کو جمع کروائے گا۔

## مضاربہ کی فلوٹیشن

رجسٹرار مذہبی بورڈ سے پراسپیکٹس منظور ہونے پر مضاربہ کو فلوٹ کرنے کے لئے منظوری کا سرٹیفکیٹ جاری کرے گا۔

## کاروبار کے آغاز سے قبل اظہار

مضاربہ اس وقت تک کاروبار کا آغاز نہیں کر سکتا جب تک پراسپیکٹس میں کاروبار کو چلانے کے لئے دی گئی کم سے کم رقم حاصل نہ کر لی گئی ہو، ان کے مضاربہ سرٹیفکیٹس ان کو الاٹ کر دئے گئے ہوں اور اس حوالے سے مخصوص اقرار نامہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو کے دستخطوں کے ساتھ رجسٹرار کو پیش کر دیا گیا ہو۔

## مضاربہ کی فلوٹیشن کے بعد اہم ضروریات

(ایک) مضاربہ کمپنی کے دو ڈائریکٹرز اور چیف ایگزیکٹو کے دستخطوں کے ساتھ آڈٹ شدہ سالانہ حسابات کی پانچ نقول رجسٹرار کو پیش کرنی اور حساباتی سال کے اختتام کے چھ ماہ کے اندر سرٹیفکیٹ حاملین میں تقسیم کرنی ضروری ہوں گی (دفعہ ۱۴، قاعدہ ۱۲)۔

(دو) مضاربہ کے آڈیٹر کے تقرر کی شرائط رجسٹرار سے منظور شدہ ہوں (دفعہ ۱۵، قاعدہ ۱۹)۔

(تین) ہر مضاربہ کمپنی، ہر مضاربہ کے مالی سال کی پہلی، دوسری اور تیسری سہ ماہی کے اختتام کے ایک ماہ کے اندر، کمپنیات آرڈیننس، ۱۹۸۴ء،(XLVII of 1984)، کی دفعہ ۲۳۴ کی ذیلی دفعہ (۳) کے تحت سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طرف سے اس مقصد کے لئے سرکاری جریدے میں اطلاع نامے کے ذریعے وقتاً فوقتاً صراحت کردہ، بین الاقوامی حساباتی معیار اور دیگر معیارات کے مطابق اس سہ ماہی کے اختتام پر نفع اور نقصان کا کھاتہ، کیش فلو اسٹیٹمنٹ اور ایکویٹی میں تبدیلیوں کی سٹیٹمنٹ اور بیلنس شیٹ، چاہے احتساب شدہ ہو یا اس کے علاوہ، مرتب کر کے رجسٹرار کو رجسٹرڈ ڈاک اور سرٹیفکیٹ حاملین کو پوسٹل سرٹیفکیٹ کے ذریعے ارسال کرے گی (قاعدہ ۱۰)۔

(چار) سرٹیفکیٹ حاملین کی فہرست کا خلاصہ اور سالانہ فہرست، مضاربہ کے فلوٹ ہونے کے اٹھارہ ماہ کے اندر، حصّہ منقسمہ کے اظہار سے متعلق سرٹیفکیٹ حاملین کے رجسٹر کی دوبارہ کھلنے کی تاریخ کے تیس دن کے اندر یا بصورت دیگر اُس سال ۳۱ دسمبر تک مرتب کر کے رجسٹرار کو پیش کرے گی [قاعدہ ۲۳]۔

(پانچ) مضاربہ فلوٹ ہونے کے ایک ماہ کے اندر مضاربہ سرٹیفکیٹس کی الاٹمنٹ کا گوشوارہ رجسٹرار کو جمع کرایا جائے گا (قاعدہ ۲٦)۔

(چھ) مضاربہ جاری ہونے کی منظوری کی تاریخ کے بارہ ماہ کے اندر مضاربہ فلوٹ کیا جائے۔

(سات) پراسپیکٹس میں دیئے گئے مخصوص کاروباروں کے علاوہ مضاربہ کوئی کاروبار نہیں کر سکتا۔

(آٹھ) مضاربہ کمپنی مضاربہ میں سرمایہ کے کسی حصّے پر کسی شخص کے حق میں عدم سرمایہ کاری یا رکاوٹ حائل نہیں کرے گی۔

(نو) مضاربہ سرٹیفکیٹس تجارت کے لئے سٹاک ایکسچینج پر لِسٹ کئے جائیں گے۔ اگر سٹاک ایکسچینج مضاربہ کی لسٹنگ کی درخواست نامنظور کر دے تو کمپنی درخواست گزاروں سے موصول ہونے والی رقم فوراً واپس کرے گی۔

(دس) ایسے مضاربہ سرٹیفکیٹس جو مضاربہ کمپنی یا اس کے اسپانسرز نے سبسکرائب (subscribe) کئے ہوں وہ رجسٹرار کی پیشگی تحریری منظوری کے بغیر کسی دوسرے کو منتقل نہیں ہوں گے۔

(گیارہ) رجسٹرار کی پیشگی تحریری رضامندی کے علاوہ مضاربہ کمپنی کے ڈائریکٹرز، چیف ایگزیکٹو یا مضاربہ کی مینجمنٹ میں کوئی تبدیلی نہیں کی جاسکتی۔

(بارہ) پراسپیکٹس کے شائع ہونے کے دو ماہ کے اندر رجسٹرار کو پبلک آفر اور سبسکرپشن، الاٹمنٹ کی بنیاد، ذمہ نویسی (انڈر رائیٹنگ) کی ذمہ داریوں کی تکمیل اور متعلقہ معاملات کی رپورٹ پیش کی جائے گی۔

(تیرہ) سٹاک ایکسچینج سے متفقہ سبسکرپشن کی فہرست کے افتتاح اور اختتام کی تاریخیں پراسپیکٹس میں شامل ہوں گی۔ اگر یہ تاریخیں منظوری کے سرٹیفکیٹ کے تین ماہ بعد کی ہوں تو پراسپیکٹس کو شائع ہونے سے پہلے دوبارہ بنایا جائے گا۔

(چودہ) ذمہ نویسی کی ترتیب کو رجسٹرار کی منظوری سے حتمی شکل دی جائے گی۔

(پندرہ) مضاربہ کمپنی ایس ای سی کی نافذ شرائط، اگر کوئی ہوں، کی تعمیل کرے گی۔

(سولہ) پراسپیکٹس سبسکرپشن فہرست کے افتتاح کی تاریخ سے قبل کم از کم سات دن اور زیادہ سے زیادہ تیس دن میں شائع کیا جائے گا۔

(سترہ) مضاربہ کمپنی سبسکرپشن فہرست کے اختتام کے بعد دس دنوں کے اندر درخواستوں کی منظوری کا فیصلہ کرے گی اور فیصلہ کے بعد غیر منظور شدہ درخواستوں کے درخواست گزاروں کو دس دنوں کے اندر درخواست کی رقم واپس کر دے گی۔

(اٹھارہ) اہم معاہدوں پر عمل درآمد کی تاریخیں پراسپیکٹس میں شامل کی جائیں گی اور ان کی مصدقہ نقول پراسپیکٹس کے جاری/شائع ہونے سے قبل رجسٹرار کو جمع کرائی جائیں گی۔

(انیس) پراسپیکٹس کے جاری/شائع ہونے سے قبل پراسپیکٹس کی باضابطہ طور پر دستخط شدہ حتمی نقل جس میں آڈیٹر کے اصلی سرٹیفکیٹ موجود ہوں رجسٹرار کو جمع کرائی جائے گی۔

(بیس) کمپنی ہر مضاربہ کے لئے، رہن سے پاک، اپنے اداشدہ سرمایہ میں سے کچھ حصّہ مختص کرے گی جو کہ پچیس لاکھ روپے سے کم نہ ہو گا۔

(اکیس) پراسپیکٹس میں درج اہم مقاصد حاصل کئے جائیں گے اور کاروبار مذہبی بورڈ سے پہلے سے منظور شدہ کاروباری معاہدوں اور سمجھوتوں کی بنیاد پر عمل میں لایا جائے گا۔ کسی بھی نئے سمجھوتے کی صورت میں مذہبی بورڈ کی منظوری حاصل کی جائے گی۔

(بائیس) مضاربہ سرٹیفکیٹس کے مزید اجرا (حق یا بونس) کے منصوبے کی بورڈ آف ڈائریکٹرز کے فیصلے کے بعد رجسٹرار سے منظوری لی جائے گی۔

(تئیس) "پراسپیکٹس" کے مواد میں رجسٹرار کی پیشگی تحریری منظوری کے بغیر ترمیم نہیں کی جائے گی۔

(چوبیس) ""پراسپیکٹس"" کے شائع ہونے کے سات دن کے اندر اس کی پانچ نقول اور ان تمام اخبارات کی نقول جن میں پراسپیکٹس کا اشتہار دیا گیا ہو، رجسٹرار کے پاس جمع کرائی جائیں گی۔

**دانش مندانہ ضوابط (prudential regulations) کے تحت متقضیات**

(اوّل) مضاربہ کی جانب سے تمام کاروباری لین دین مضاربہ کے لئے دانش مندانہ ضوابط کی مطابقت میں ہو گا جو کہ ۲۰۰۴ کے مراسلہ نمبر ۴ بتاریخ ۲۸ جنوری، ۲۰۰۴ کو جاری کئے گئے اور جن کی وقتاً فوقتاً ترمیم کی جاتی ہے۔

(دوم) مضاربہ کے معاملات کی نگرانی مضاربہ کے لئے محتاط ضوابط کے تحت سپیشلائزڈ کمپنیز ریٹرن سسٹم (ایس سی آر ایس) کے ذریعے ہر ماہ کی دس تاریخ تک مدتی گوشوارے کے ذریعے کی جاتی ہے۔

**موجودہ اور امکانی درخواست گزاروں کے لئے گائیڈ لائنز:** (الف) اعلیٰ ترین انتظامیہ بشمول انتظامی افسرِ اعلیٰ (چیف ایگزیکٹو) ، مالیاتی افسرِ اعلیٰ، حساباتی افسرِ اعلیٰ، آپریٹنگ افسرِ اعلیٰ، سیکرٹری برائے کمپنی، داخلی محاسب یا تعمیلی افسر قطعِ نظر ان کے عہدے کے کا تقرر رجسٹرار مضاربہ کے صراحت کردہ مناسب اور اہل (فٹ اینڈ پراپر) کے معیار کو مدِ نظر رکھتے ہوئے کیا جائے گا۔

(ب) انتظامی افسرِ اعلیٰ (چیف ایگزیکٹو) کو رجسٹرار مضاربہ کی اجازت کے بغیر عہدے سے ہٹایا نہیں جائے گا۔

(ج) درخواست گزار کے مجوزہ انتظامی افسرِ اعلیٰ (چیف ایگزیکٹو) کی شہرت کو مناسب اہمیت دی جائے گی۔

(د) اسپانسرز/ڈائریکٹرز (اگر کارپوریٹ باڈیز کے ساتھ منسلک تھے) بینکوں اور ڈی ایف آئیز کے ساتھ لین دین اور انکم ٹیکس، ایکسائزاور کسٹمز ڈیوٹیوں اور سیلز ٹیکس کی ادائیگی کے حوالے سے صاف ریکارڈ کے حامل ہونے چاہیئں۔ زیادہ صراحت سے کہا جائے تو وہ:

(ایک) بینکنگ کے کاروبار، ڈپازٹ وصولیوں، مالیاتی لین دین اور دیگر کاروبار کے دوران کسی غیر قانونی کام میں ملوث نہ رہیں ہوں۔

(دو) بینکوں یا دیگر مالیاتی اداروں کے حوالے سے اپنی ذمہ داریوں کی تکمیل یا ادائیگی میں ناکامیاب نہ ہوئے ہوں۔ وہ بینکوں/ڈی ایف آئیز کے نام بمعہ ان شاخوں کے نام جن کے ساتھ وہ لین دین کرتے رہے جمع کروائیں گے۔

تین) ٹیکسوں کا نادہندہ نہ رہ چکے ہوں۔انہیں اپنے قومی ٹیکس نمبر کی نشان دہی کرنا ہو گی۔

چار) کسی کارپوریٹ باڈیز کے ساتھ بطورِ ڈائریکٹر/انتظامی افسرِ اعلیٰ (چیف ایگزیکٹو) منسلک نہ رہے ہوں جن کا کارپوریٹ اور ٹیکس ریکارڈ بشمول کسٹم ڈیوٹیز، سینٹرل ایکسائزاور سیلز ٹیکس غیر تسلی بخش رہا ہو۔ وہ کارپوریٹ باڈیز، ان کے بینکرز کے نام بتائیں گے اور اپنے ٹیکس نمبرز اور حصہ منقسمہ (dividend) کا ریکارڈ بھی ظاہر کریں گے۔

پانچ) کسی کوآپریٹو سوسائٹی کا سپانسر، ڈائریکٹر، بڑا حصص دار یا انتظامی افسرِ اعلیٰ (چیف ایگزیکٹو) نہ رہ چکا ہو جو اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے میں ناکام ہو چکی ہوں۔

چھ) اجازت دینے والی اتھارٹی کے خیال میں دیانت داری اور کارکردگی کے حوالے سے اس کی ساکھ بری نہیں ہونی چاہیے اور وہ ایسے اشخاص نہیں ہونے چاہیئں جو ۲۰۰۸ کے مراسلہ نمبر ۱۰ بتاریخ ۲ جون، ۲۰۰۸ میں متعین کردہ مناسب اور اہلیت کے معیار پر پورا نہ اترتے ہوں۔

(و) سپانسرز/ڈائریکٹرز کی مجموعی ذاتی مالیت اس رقم سے کم نہیں ہونی چاہیے جتنی انہوں نے ذاتی طور پر سرمایہ کاری کرنی ہے جس کے ثبوت کے طور پر ان کی تازہ ترین باقاعدہ تصدیق شدہ مالیاتی سٹیٹمنٹ ٹیکس ڈپارٹمنٹ کے پاس جمع کروائی گئی نقل کے ہمراہ ہونی چاہیے۔

(ز) وہ اشخاص جن کے پاس ان لسٹڈ کمپنیوں کی ڈائریکٹر شپ ہے جو باقاعدہ سے حصہ منقسمہ ادا کرتی ہیں کو ان لسٹڈ پبلک کمپنیوں یا پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنیوں کی ڈائریکٹر شپ کے حامل اشخاص پر ترجیح دی جائے گی۔ اسی طور، وہ کاروباری گروپ جو پبلک ہو چکے ہیں کو ترجیح دی جائے گی۔

(ح) ایک صدر نشیں (چیرمین)، انتظامی افسرِ اعلیٰ (چیف ایگزیکٹو) یا ڈائریکٹر صرف ایک مضاربہ کمپنی کی نمائندگی کر سکتا ہے تاکہ مفاداتی تصادم سے بچا جا سکے۔ غیر معمولی صورتوں میں ایسے معاملات پر میرٹ کی بنیاد پر غور کیا جائے گا۔

(ط) پچاس فیصد سے زائد سپانسرز/ڈائریکٹر ایک ہی خاندان سے نہیں ہوں گے۔

(ی) عمومی اور خصوصی دونوں مضاربہ کے لئے کم از کم پچاس فیصد ڈائریکٹروں کا یا فنڈ مینجمنٹ کا تجربہ ہونا چاہیے یا پھر لسٹڈ کمپنی کی ڈائریکٹر شپ کا۔

(ک) مضاربہ اور مضاربہ کمپنی کے سپانسرز اپنے حصص اور مضاربہ سرٹیفکیٹ، رجسٹرار مضاربہ کی پیشگی تحریری منظوری کے بغیر فروخت نہیں کریں گے۔

(ل) موجودہ اور مستقبل کی منتظمہ کمپنیوں کے لئے لازم ہے کہ وہ اپنے

حساب دارِ اعلیٰ (chief accountant) کے طور پر ایک چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ یا ایک کاسٹ اینڈ مینجمنٹ اکاؤنٹنٹ کا تقرر کریں۔

(م) درخواست گزار کمپنی کا سابقہ مالی روش کا ریکارڈ، ٹیکس روش کا ریکارڈ، برتاؤ بطورِ کارپوریٹ اور مجوزہ سپانسرز کی پیشہ ورانہ ساکھ کو بھی مدِ نظر رکھا جائے گا۔

(ن) جب تک گزشتہ تین سال کے سابقہ مضاربہ ریکارڈز کے نتائج موجود نہ ہوں تو دوسرے مضاربہ کی اجازت نہ دی جائے گی۔

(س) بطورِ مضاربہ کمپنی درخواستِ اندراج میں ایسی کمپنی جس کے سپانسرز آپس میں رشتہ دار نہ ہوں کو اس درخواست کے مقابلے میں جس کے کفیل ایک ہی خاندان سے ہیں ترجیح دی جائے گی۔

نوٹ: مطلوبہ معیار کم از کم کی سطح پر رکھا گیا ہے اور اس پر نظرِ ثانی یا تبدیلی کی جا سکتی ہے تا کہ شعبہ مضاربہ کی ترقی کی حوصلہ افزائی کی جا سکے۔

# مضاربہ کمپنیات اور مضاربہ قواعد، ۱۹۸۱ کے تحت فیسوں کا پیمانہ

۱۔ مضاربہ کمپنی کے اندراج
کے لئے (ناقابل واپسی فیس)

(اوّل) اندراج کے وقت — دو لاکھ پچاس ہزار روپے

(دوم) ہر سال ماہِ جنوری میں تجدید کے وقت — پچیس ہزار روپے

| ۲۔ درخواست برائے: | مستقل | پانچ سال سے زائد کے لئے | تین سال تک کے لئے |
|---|---|---|---|
| (الف) مضاربہ فلوٹ کرنے کی اجازت | (۱) | (۲) | (۳) |
| جب واجبی رقم پچیس لاکھ زائد نہ ہے | پچاس ہزار روپے | چالیس ہزار روپے | تیس ہزار روپے |
| جب واجبی رقم پچیس لاکھ سے زائد مگر پچاس لاکھ سے زائد نہیں ہے | ایک لاکھ روپے | ساٹھ ہزار روپے | چالیس ہزار روپے |
| جب واجبی رقم پچاس لاکھ سے زائد ہو | ایک لاکھ روپے جمع ہر اضافی دس لاکھ کے لئے دس ہزار مزید | ساٹھ ہزار روپے جمع ہر اضافی دس لاکھ کے لئے چھ ہزار مزید | چالیس ہزار روپے جمع ہر اضافی دس لاکھ کے لئے چار ہزار مزید |
| (ب) ہر سال ماہِ جنوری میں تجدید کے وقت (مضاربہ پر عائد کردہ) | ایک لاکھ روپے | | |

| | |
|---|---|
| ۳۔ رجسٹرار کے ساتھ کسی حقیقت یا دستاویز کے جمع، ریکارڈ یا اندراج کرائے جانے کے لئے جس کا | ہر دستاویز کے لئے ایک ہزار روپے |

| | |
|---|---|
| رجسٹرار کے پاس جمع کروانا، ریکارڈ کیا جانا یا درج کیا جانا مطلوب ہو۔ | |
| ۴۔ آرڈیننس کے تحت مطلوب رہن یا چارج سے متعلقہ دستاویز جمع کروانے، درج کرنے یا ریکارڈ کروانے کے لئے | ساڑھے سات ہزار روپے |
| ۵۔ درخواست برائے تحقیقات کے لئے | دو ہزار روپے |
| ٦۔ سندِ مضاربہ کے حاملین کی جانب سے مضاربہ کمپنی کے خلاف ایسے دعوے کی صورت میں جو مرافعہ عدالت کو بھجوایا گیا | دو ہزار روپے |
| ۷۔ ٹریبونل کے روبرو کسی دیگر درخواست کے لئے، رجسٹرار کی اپیل کے علاوہ، یا کسی شخص کی جانب سے رجسٹرار کے روبرو | دو ہزار روپے |
| ۸۔ ریکارڈز کے معائنے کے لئے | دو سو روپے |
| ۹۔ کسی دستاویز کی مصدقہ نقل یا اس کے کسی متن کے لئے | بیس روپے فی صفحہ یا اس کا کوئی حصہ کی شرح سے مگر شرط یہ ہے کہ سو روپے سے کم نہیں |